قیامت کس تاریخ کو آئے گی؟

مجیب: ابوالفیضان مولانا عرفان احمد عطاری

فتوی نمبر: WAT-1868

تاریخ اجراء: 15 محرم الحرام 1445ھ/03 اگست 2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا قیامت 10 محرم الحرام کو ہی آئے گی؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَةَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

جی ہاں! قیامت یوم عاشوراء یعنی محرم الحرام کے مہینے کی دس تاریخ جمعہ والے دن آئے گی۔

صحیح مسلم میں ہے"عن أبي هريرة، أن النبي صلى الله عليه وسلم، قال: «خير يوم طلعت عليه الشمس يوم الجمعة، فيه خلق آدم، وفيه أدخل الجنة، وفيه أخرج منها، ولا تقوم الساعة إلا في يوم الجمعة"ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بہتر دن کہ آفتاب نے اس پر طلوع کیا، جمعہ کا دن ہے، اسی میں حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام پیدا کیے گئے اور اسی میں جنت میں داخل کیے گئے اور اسی میں جنت سے اترنے کا انھیں حکم ہوا اور قیامت جمعہ ہی کے دن قائم ہو گی۔(صحیح مسلم، کتاب الجمعة، ج2، ص585، حدیث854، دار إحياء التراث العربي، بيروت)

فضائل الاوقات للبیہقی میں ہے"عن ابن عباس، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:۔۔۔ ويوم القيامة في يوم عاشوراء"ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالی عنھما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت، عاشوراء یعنی دس محرم الحرام کو قائم ہو گی۔(فضائل الاوقات، باب تخصیص یوم عاشوراء بالذکر، ص439، حدیث237، مكتبة المنارة، مكة المكرمة)

مفتی جلال الدین امجدی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:"قیامت اس دن کو کہتے ہیں جس دن حضرت اسرافیل علیہ السّلام صور پھونکیں گے۔ صور سینگ کے شکل کی ایک چیز ہے جس کی آواز سن کر سب آدمی اور تمام جانور مر جائیں گے۔ زمین، آسمان، چاند، سورج، پہاڑ وغیرہ دنیا کی ہر چیز ٹوٹ پھوٹ کر فنا ہو جائے گی یہاں تک کہ صور بھی ختم ہو جائے گا

اور اسرافیل علیہ السلام بھی ختم ہو جائیں گے۔ **یہ واقعہ محرم کی دسویں تاریخ جمعہ کے دن ہوگا۔**"(انوار شریعت، صفحہ 10-11، مکتبہ جمال کرم، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net